# معروضی سوالات (نسائی شریف)

## کتاب عشرۃ النساء

(۱)۔ جعلت قرۃ عینی فی ------ حدیث مکمل کریں۔ (صفحہ ۵۲۴) (مکتبہ لدھیانوی)

۱۔ فی الفرائض ۲۔ فی النوافل ۳۔ فی الصلاۃ ۴۔ فی الصدقات

(۲)۔ قال رسول اللہ ﷺ: حبب الیّ النساء و----- حدیث مکمل کریں۔ (صفحہ ۵۲۴)

۱۔ والطیب ۲۔ والمسواک ۳۔ والصلاۃ ۴۔ والصوم

(۳) ارسلہ حماد بن زید---- ترجمہ کریں۔ (صفحہ ۵۲۵)

۱۔ حماد بن زید نے پیغام بھیجا ۲۔ حماد بن زید کو پیغام بھیجا گیا ۳۔ حماد بن زید نے مرسلا روایت کیا ۴۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

(۴)۔ ازواج مطہرات نے کن کو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حضرت عائشہ سے متعلق بات کرنے کے لئے بھیجا؟ (صفحہ ۵۲۵)

۱۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا ۲۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ ۳۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ۴۔ حضرت اسامہ بن زید

(۵)۔ وھو مضطجع معی فی مرطی۔ لفظ "مرط" کا معنی بیان کریں۔ (صفحہ ۵۲۵)

۱۔ چادر ۲۔ لحاف ۳۔ کمبل ۴۔ کوئی نہیں

(۶)۔ اخبرنا محمد بن رافع النیسابوری--- لفظ "النیسابوری" پر اعراب لگائیں۔ (صفحہ ۵۲۵)

۱۔ رفع ۲۔ نصب ۳۔ جر ۴۔ کوئی نہیں

(۷)۔ فضل عائشۃ علی النساء---- حدیث مکمل کریں۔ (صفحہ ۵۲۶)

۱۔ کفضل الثرید علی سائر الطعام ۲۔ کفضل العنب علی الفواکہ

۳۔ کفضل اللبن علی المشروبات ۴۔ کوئی نہیں

(۸)۔ فانہ لم ینزل علی الوحی وانا فی لحاف امراۃ منکن الا فی لحاف------؟ حدیث مکمل کریں۔ (صفحہ ۵۲۶)

۱۔ لحاف ام سلمۃ ۲۔ لحاف خدیجۃ ۳۔ لحاف عائشۃ ۴۔ لحاف حفصۃ

(۹) ان جبرئیل یقرئک السلام--- حضور ﷺ نے یہ کس زوجہ سے فرمایا؟ (صفحہ ۵۲۶)

۱۔ حضرت سودہ ۲۔ حضرت میمونہ ۳۔ حضرت جویریہ ۴۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہن

(۱۰)۔ کان الناس یتحرون بھدایاھم یوم------- یبتغون بذالک مرضاۃ رسول اللہ؟ (صفحہ ۵۲۶)

۱۔ یوم خدیجۃ ۲۔ یوم حفصۃ ۳۔ یوم اسماء ۴۔ یوم عائشۃ

(۱۱)۔ فجاءت عائشۃ متزرۃ بکساء--- لفظ "متزرۃ" پر اعراب لگائیں۔ (صفحہ ۵۲۷)



Scanned with CamScanner

نع　　۲۔ نصب　　۳۔ جر　　۴۔ کوئی نہیں

(۱۲) شربت۔۔۔۔۔عندزینب بنت جحش ؟ مکمل کریں (صفحہ ۵۲۷)

۱۔ عسلا　　۲۔ لبنا　　۳۔ ماء　　۴۔ نبیذا

(۱۳)۔انتعل رویدا۔۔۔ ترجمہ کریں۔(صفحہ ۵۲۸)

۱۔ تیزی سے چپل پہنے　　۲۔ آہستگی سے چپل پہنے　　۳۔ تیزی سے چپل اتارے　　۴۔ آہستگی سے چپل اتارے

(۱۴) مالک یا عائشۃ حشیا رابیۃ۔۔۔۔۔۔ترجمہ کریں (صفحہ ۵۲۸)

۱۔ کیا ہوا اے عائشہ تم پریشان کیوں لگ رہی ہو　　۲۔ کیا ہوا اے عائشہ تم ابھی تک کیوں جاگ رہی ہو

۳۔ کیا ہوا اے عائشہ تمھارا سانس کیوں پھولا ہوا ہے؟　　۴۔ کوئی نہیں

(۱۵) نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری والی رات کہاں تشریف لے گئے، جس رات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی حضور ﷺ لے گئیں؟ (صفحہ ۵۲۸)

۱۔ کسی زوجہ کے گھر　　۲۔ کسی صحابی کے گھر　　۳۔ مسجد نبوی میں　　۴۔ جنت البقیع

## کتاب الطلاق

(۱۶) کس صحابی رسول نے اپنی زوجہ کو حیض کی حالت میں طلاق دی؟ (صفحہ ۵۲۹)

۱۔ حضرت عمر　　۲۔ حضرت عبد اللہ بن عمر　　۳۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود　　۴۔ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنھم

(۱۷) حضرت عبد اللہ بن عمر نے جب اپنی زوجہ کو حیض کی حالت میں طلاق دی تو آپ ﷺ نے ان کے لئے کیا حکم ارشاد فرمایا؟ (صفحہ ۵۲۹)

۱۔ رجوع کرلیں　　۲۔ طلاق باقی رکھیں　　۳۔ دوسری سے نکاح کرلیں　　۴۔ کوئی نہیں

(۱۸) اخبرنی عبد اللہ بن محمد بن تمیم۔۔۔ لفظ "بن" پر اعراب لگائیں۔۔۔؟ (صفحہ ۵۲۹)

۱۔ رفع　　۲۔ نصب　　۳۔ جر　　۴۔ کوئی نہیں

(۱۹) طلاق سنت کی تعریف بتائیں؟ (صفحہ ۵۳۰)

۱۔ اس طہر میں ایک طلاق دینا جس میں جماع نہ کیا ہو پھر اگلے دو طہر میں ایک ایک طلاق دینا۔

۲۔ اس طہر میں ایک طلاق دینا جس میں جماع کیا ہو پھر اگلے دو طہر میں ایک ایک طلاق دینا۔

۳۔ حیض میں ایک طلاق دینا پھر چھوڑ دینا　　۴۔ کوئی نہیں

(۲۰) جس نے حیض میں طلاق دی تو کیا اس کو شمار کیا جائے گا؟ (صفحہ ۵۳۰)

۱۔ ہاں　　۲۔ نہیں　　۳۔ معلوم نہیں　　۴۔ کوئی نہیں



Scanned with CamScanner

(۲۱) حضور ﷺ کو جب ایک شخص کے بارے میں خبر دی گئی کہ اس نے اپنی زوجہ کو ایک ساتھ تین طلاقیں دے دی ہیں تو اس وقت آپ ﷺ کی کیفیت کیا ہوئی؟(صفحہ ۵۳۰)

۱۔ آپ ﷺ جلال کھڑے ہوئے ۲۔ آپ ﷺ نے سکوت فرمایا ۳۔ آپ ﷺ تشریف فرما رہے ۴۔ کوئی نہیں

(۲۲) لعان کی آیت کن کے بارے میں نازل ہوئی؟(صفحہ ۵۳۱)

۱۔ عامر اور ان کی زوجہ کے متعلق ۲۔ عویمر اور ان کی زوجہ کے ۳۔ زبیر اور ان کی زوجہ کے ۴۔ جابر اور ان کی زوجہ کے متعلق

(۲۳) کن صحابیہ نے آقا ﷺ کی بارگاہ نفقہ کے متعلق سوال کیا جب انھیں تین طلاق کے بعد نفقہ اور سکنیٰ نہ دیا گیا؟(صفحہ ۵۳۱)

۱۔ فاطمہ بنت قیس ۲۔ زینب بنت قیس ۳۔ مریم بنت قیس ۴۔ کوئی نہیں

(۲۴) پھر آپ ﷺ نے ان کو کیا جواب عنایت فرمایا؟(صفحہ ۵۳۱)

۱۔ نفقہ و سکنیٰ ہر عورت کے لئے ہے ۲۔ نفقہ اور سکنیٰ کسی کے عورت کے لئے نہیں

۳۔ نفقہ اور سکنیٰ اس وقت ہے جب شوہر کیلئے رجوع کا حق باقی ہو ۴۔ کوئی نہیں

(۲۵)۔ فاطمہ بنت قیس کے شوہر کا نام کیا تھا؟(صفحہ ۵۳۱)

۱۔ عامر بن واثلہ ۲۔ عمرو بن حفص ۳۔ عمرو بن عاص ۴۔ عبد اللہ بن مسعود

(۲۶)۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ کیا حضور ﷺ، ابو بکر و عمر کے زمانے میں تین طلاقیں ایک ہی شمار ہوتی تھیں تو آپ نے جواب دیا: ہاں! یہ بتایئے امام نسائی اس حدیث کو کس باب کے تحت لائے؟(صفحہ ۵۳۱)

۱۔ باب طلاق الثلاث المتفرقۃ قبل الدخول بالزوجہ ۲۔ باب طلاق الثلاث المتفرقۃ بعد الدخول بالزوجہ

۳۔ باب طلاق الثلاث المجتمعۃ قبل الدخول بالزوجہ ۴۔ باب طلاق الثلاث المجتمعۃ قبل الدخول بالزوجہ

(۲۷)۔ عورت جب طلاق کے بعد دوسرے شوہر سے نکاح کرے پھر بغیر دخول دوسرا شوہر طلاق دے دے تو کیا وہ پہلے سے نکاح کر سکتی ہے؟ (صفحہ ۵۳۲)

۱۔ ہاں ۲۔ نہیں ۳۔ معلوم نہیں ۴۔ کوئی نہیں

(۲۸)۔ کس صحابیِ رسول کی زوجہ نے سوال کیا کی انھوں نے دوسرے شوہر سے نکاح کیا ہے اور وہ پھر پہلے شوہر کے پاس لوٹنا چاہتی ہیں؟(صفحہ ۵۳۲)

۱۔ رفاعہ قرشی ۲۔ رفاعہ حمسی ۳۔ رفاعہ زہری ۴۔ رفاعہ قرظی

(۲۹)۔ رفاعہ کی زوجہ نے دوسرا نکاح کس سے کیا تھا؟(صفحہ ۵۳۲)

۱۔ عبد الرحمن بن زبیر ۲۔ عبد الرحمن بن یعلی ۳۔ عبد الرحمن بن عبید ۴۔ عبد الرحمن بن زبیر

(۳۰) حتی یذوق عسیلتک وتذوق عسیلتہ...... مراد معنی تحریر کریں۔۔۔(صفحہ ۵۳۲)

۱۔ حتی کی تم دونوں جماع کرلو ۲۔ حتی کہ تم دونوں بوس و کنار کرلو ۳۔ حتی کہ تم دونوں بات کرلو ۴۔ کوئی نہیں

(۳۱) شوہر کا بیوی سے کہنا "امرک بیدک"۔۔۔۔ اس کا معنی بتائیں۔(صفحہ ۵۳۲)



Scanned with CamScanner

۱۔ کھانے کا حق تجھے دیا ۲۔ طلاق کا حق تجھے دیا ۳۔ باہر جانے کا حق تجھے دیا ۴۔ کوئی نہیں

(۳۲) لعن رسول اللہ ﷺ الواشمۃ والموتشمۃ۔۔۔ واشمہ اور موتشمہ کا معنی بتائیں (صفحہ ۵۳۳)

۱۔ تصاویر بنانے اور بنوانے والی ۲۔ عیب لگانے اور لگوانے والی ۳۔ جسم گودنے اور گدوانے والی ۴۔ کوئی نہیں

(۳۳) لعن رسول اللہ ﷺ المحلل والمحلل لہ۔۔۔ المحلل والمحلل لہ کا معنی بتائیں (صفحہ ۵۳۳)

۱۔ حلال کرنے والا اور جس کیلئے حلال کیا گیا ۲۔ حلالہ کرنے والا اور جس کیلئے حلالہ کیا گیا

۳۔ احرام کھولنے اور جس کیلئے کھولا گیا ۴۔ کوئی نہیں

(۳۴) فاطمہ بنت قیس کو نبی کریم ﷺ نے کس کے گھر عدت گزارنے کا حکم فرمایا؟ (صفحہ ۵۳۳)

۱۔ ابن مسعود ۲۔ ابن زبیر ۳۔ ابن ام مکتوم ۴۔ ابن عمر رضی اللہ عنہم

(۳۵) شوہر اپنی بیوی سے کہے "الحقی باھلک" اور اس سے طلاق کا ارادہ نہ کرے تو طلاق ہو گی یا نہیں؟ (صفحہ ۵۳۴)

۱۔ ہاں ۲۔ نہیں ۳۔ معلوم نہیں ۴۔ کوئی نہیں

(۳۶) کعب بن مالک کو حضور ﷺ نے ان کی زوجہ سے متعلق کیا حکم دیا، جب وہ غزوہ تبوک میں شریک نہ ہوئے؟

۱۔ طلاق دے دیں ۲۔ جدا رہیں ۳۔ جماع کر لیں ۴۔ کوئی نہیں

(۳۷) انبتت عانتہ۔۔۔۔۔۔۔ معنی بتائیں۔ (صفحہ ۵۳۵)

۱۔ جس کی داڑھی آگئی ہو ۲۔ جس کے سر کے بال اگ گئے ہوں ۳۔ جس کے بغل کے بال اگ گئے ہوں ۴۔ جس کے زیر ناف بال اگ گئے ہوں

(۳۸) قریظہ کے دن کس کو چھوڑ دیا گیا تھا؟ (صفحہ ۵۳۵)

۱۔ جو بوڑھا تھا ۲۔ جو جوان تھا ۳۔ جو بالغ تھا ۴۔ جو ابھی بالغ نہ ہوا تھا

(۳۹) ابن عمر رضی اللہ عنہما غزوہ احد کے وقت کتنے سال کے تھے؟ (صفحہ ۵۳۵)

۱۔ ۱۳ ۲۔ ۱۴ ۳۔ ۱۵ ۴۔ ۱۶

(۴۰) ابن عمر رضی اللہ عنہما غزوہ احد کے وقت کتنے سال کے تھے؟ (صفحہ ۵۳۵)

۱۔ ۱۳ ۲۔ ۱۴ ۳۔ ۱۵ ۴۔ ۱۶

(۴۱) رفع القلم عن ثلاث۔۔۔۔ تین شخص کون ہیں۔۔۔؟ (صفحہ ۵۳۵)

۱۔ کھانے، پینے اور سونے والا ۲۔ بیمار، مجنون، اور معذور ۳۔ بچہ، جوان اور بوڑھا ۴۔ بچہ، مجنون اور سونے والا

(۴۲) ان اللہ تعالی تجاوز عن امتی کل شئی حدثت بہ انفسھا مالم۔۔۔۔۔۔؟ مکمل کریں (صفحہ ۵۳۵)

۱۔ مالم تکلم بہ او تعمل ۲۔ مالم تشرب او تاکل ۳۔ مالم ینم او یستیقظ ۴۔ لا شئ

(۴۳) کان لرسول اللہ ﷺ جار فارسی طیب المرقۃ۔۔۔۔۔ طیب المرقۃ کا ترجمہ کریں؟ (صفحہ ۵۳۶)



Scanned with CamScanner

۱۔ اچھے اخلاق والا ۲۔ اچھا معاملہ کرنے والا ۳۔ اچھا سالن بنانے والا ۴۔ اچھی بات کرنے والا

(۴۴) آپ ﷺ کا فارسی پڑوسی کس لئے آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا؟۔۔۔(صفحہ ۵۳۶)

۱۔ آپ کو دعوت دینے ۲۔ آپ کو بات بتانے ۳۔ آپ سے سوال کرنے ۴۔ کوئی نہیں

(۴۵) حدیث "انما الاعمال بنیات" کس صحابی سے مروی ہے؟(صفحہ ۵۳۶)

۱۔ حضرت عائشہ ۲۔ ابو ہریرہ ۳۔ حضرت عمر ۴۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم

(۴۶) نبی کریم ﷺ نے جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اختیار دیا اور اپنے والدین سے مشورہ کرنے کا فرمایا تو حضرت عائشہ نے کیا کہا؟(صفحہ ۵۳۶)

۱۔ میرے والدین کبھی جدائی کا حکم نہ دیں گے ۲۔ جدائی کا حکم دیں گے ۳۔ کچھ نہیں کہیں گے ۴۔ کوئی نہیں

(۴۷) جب نبی کریم ﷺ نے اپنی ازواج کو اختیار دیا تو کیا یہ طلاق شمار ہوئی؟(صفحہ ۵۳۷)

۱۔ ہاں ۲۔ نہیں معلوم نہیں ۴۔ کوئی نہیں

(۴۸) جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے غلام اور باندی میں سے ایک کو آزاد کرنا چاہا تو آپ ﷺ نے کس کو آزاد کرنے کا کہا؟(صفحہ ۵۳۷)

۱۔ غلام ۲۔ باندی ۳۔ دونوں ۴۔ کوئی نہیں

(۴۸) ذالک لحم تصدق بہ علی ــــــــــــــــ مکمل کریں؟(صفحہ ۵۳۷)

۱۔ علی بریرۃ ۲۔ علی حمیدۃ ۳۔ علی ماریۃ ۴۔ لیس احد

(۴۹) الم ار برمۃ فیہا لحم ۔۔۔ برمہ کا معنی بتائیں؟ (صفحہ ۵۳۷)

۱۔ پیالہ ۲۔ برتن ۳۔ گلاس ۴۔ ہانڈی

(۵۰) حضرت بریرہ نے کتنے اوقیہ پر خود کو مکاتب کیا تھا؟ (صفحہ ۵۳۸)

۱۔ آٹھ ۲۔ نو ۳۔ دس ۴۔ گیارہ

(۵۱) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب حضرت بریرہ کو خریدنا چاہا تو ان کے مالک نے کس چیز کی شرط لگائی؟ (صفحہ ۵۳۸)

۱۔ خدمت ان کے لئے ہوگی ۲۔ نفقہ ان پہ ہوگا ۳۔ ولاء ان کے لئے ہوگی ۴۔ کوئی شرط نہیں رکھی

(۵۲) جب حضرت عائشہ نے یہ معاملہ حضور ﷺ سے ذکر کیا تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟ (صفحہ ۵۳۸)

۱۔ ولاء اس کا حق ہے جو آزاد کرے ۲۔ ولاء بیچنے والے کا حق ہے ۳۔ ولاء ہر ایک کا حق ہے ۴۔ ولاء کسی کا حق نہیں

(۵۳) و کل شرط لیس فی کتاب اللہ فھو ــــــــــــــ مکمل کریں۔(صفحہ ۵۳۸)

۱۔ غیر صحیح ۲۔ فاسد ۳۔ باطل ۴۔ اثم

(۵۴) نبی کریم ﷺ کا اپنے ازواج مطہرات سے ایلاء کتنے دن کا تھا؟ (صفحہ ۵۳۹)

۱۔ ۲۹ دن ۲۔ ۳۰ ۳۔ ۳۱ ۴۔ کوئی نہیں



Scanned with CamScanner

(۵۵) آیت مبارکہ "قد سمع اللہ قول التی تجادلک۔۔۔۔الخ" کس کے بارے میں نازل ہوئی؟ (صفحہ ۵۳۹)

ا۔حضرت اسماء ۲۔ حضرت بریرہ ۳۔ حضرت خولہ ۴۔ کوئی نہیں

(۵۶) المنتزعات والمختلعات ھن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مکمل کریں۔۔؟ (صفحہ ۵۳۹)

ا۔منافقات ۲۔مفسدات ۳۔منکرات ۴۔لاشیٔ

(۵۷)"المختلعات "کا معنی بیان کریں؟ (صفحہ ۵۳۹)

ا۔طلاق مانگنے والیاں ۲۔الگ ہو جانے والیاں ۳۔ جھگڑا کرنے والیاں ۴۔ خلع مانگنے والیاں

(۵۸)انھا کانت تحت ثابت بن قیس ابن شماس۔۔۔۔ ترجمہ کریں۔(صفحہ ۵۴۰)

ا۔وہ ثابت بن قیس کی تابعدار تھیں ۲۔وہ ثابت بن قیس کے نکاح میں تھیں ۳۔ وہ ثابت بن قیس کے گھر میں تھیں ۴۔ کوئی نہیں

(۵۹) ثابت بن قیس کی زوجہ کا نام کیا تھا؟ (صفحہ ۵۴۰)

ا۔حبیبہ بنت سہل ۲۔زینب بنت سہل ۳۔ سلمہ بنت سہل ۴۔ کوئی نہیں

(۶۰) ثابت بن قیس کی زوجہ نے خلع کے بدلے میں کیا ادا کیا؟ (صفحہ ۵۴۰)

ا۔سونا ۲۔ چاندی ۳۔باغ ۴۔ کوئی نہیں

(۶۱) حدثنا محمد بن ابی بکر۔۔۔۔ اپنی کونسی حالت میں ہے؟(صفحہ ۵۴۰)

ا۔رفعی ۲۔ نصبی ۳۔جری ۴۔ کوئی نہیں

(۶۱) سب سے پہلے لعان کس نے کیا؟ (صفحہ ۵۴۱)

ا۔شریک بن سحماء ۲۔ہلال بن امیہ ۳۔ براء بن مالک ۴۔ کوئی نہیں

(۶۲) فان جاءت بہ ابیض سبطا قضی العینین۔۔۔۔ لفظ "سبطا" کا معنی بتائیں۔؟(صفحہ ۵۴۱)

ا۔سیدھے بال والا ۲۔بڑے بال والا ۳۔ چھوٹے بال والا ۴۔ گھونگھریالے بال والا

(۶۳)وان جاءت بہ اکحل جعدا احمش الساقین۔۔۔ لفظ "جعدا" کا معنی بتائیں (صفحہ ۵۴۱)

ا۔سیدھے بال والا ۲۔بڑے بال والا ۳۔ چھوٹے بال والا ۴۔ گھونگھریالے بال والا

(۶۴)جب ہلال بن امیہ نے شریک بن سحما پر تہمت لگائی تو آپ ﷺ نے انھیں کتنے گواہ لانے کو کہا؟ (صفحہ ۵۴۱)

ا۔۲ ۲۔۳ ۳۔۴ ۴۔۵

(۶۵)لعان میں کتنی بار گواہی لی جاتی ہے؟ (صفحہ ۵۴۱)

ا۔۲ ۲۔۳ ۳۔۴ ۴۔۵

(۶۶)جب ہلال بن امیہ نے بچہ جنا تو وہ بچہ رسول اللہ ﷺ کی بیان کردہ صفات کے مطابق کس کا تھا؟ (صفحہ ۵۴۱)



Scanned with CamScanner

۱۔ ہلال بن امیہ کا　　۲۔ شریک بن سمحاء کا　　۳۔ کسی اور کا　　۴۔ کوئی نہیں

(۶۷) انہ وجد عندا ھلہ آدم خدلا کثیر اللحم ۔۔۔۔۔۔ لفظ "آدم "کا معنی بیان کریں۔ (صفحہ ۵۴۲)

۱۔ سفید رنگ والا　　۲۔ سیاہ فام　　۳۔ گندمی رنگ والا　　۴۔ کوئی نہیں

(۶۸) انہ وجد عندا ھلہ آدم خدلا کثیر اللحم ۔۔۔۔۔۔ لفظ "خدلا "کا معنی بیان کریں۔ (صفحہ ۵۴۲)

۱۔ کمزور پنڈلی والا　　۲۔ بھری پنڈلی والا　　۳۔ ٹیڑھی پنڈلی والا　　۴۔ کوئی نہیں

(۶۹) متلاعنین کے درمیان بعد لعان تفریق کردی جائے یا نہیں؟ (صفحہ ۵۴۲)

۱۔ ہاں　　۲۔ نہیں　　۳۔ معاملہ ان کے سپرد ہوگا　　۴۔ کوئی نہیں

(۷۰) کیا شوہر کو لعان کے بعد اس کا دیا ہوا مہر واپس ملے گا؟ (صفحہ ۵۴۲)

۱۔ ہاں　　۲۔ نہیں　　۳۔ معلوم نہیں　　۴۔ کوئی نہیں

(۷۲) لعان کے بعد رسول اللہ ﷺ نے بچے کو کس کے سپرد کیا؟ (صفحہ ۵۴۲)

۱۔ ماں کے　　۲۔ باپ کے　　۳۔ دونوں کے　　۴۔ کسی کے نہیں

(۷۳) جب بنو فزارہ کے ایک شخص نے اپنی بیوی پر سیاہ رنگ کا بچہ جننے کی وجہ سے شک کیا تو آپ ﷺ نے اسے کس کی مثال دے کر سمجھایا؟ (صفحہ ۵۴۳)

۱۔ گھوڑے کی　　۲۔ اونٹ کی　　۳۔ بکری کی　　۴۔ کوئی نہیں

(۷۴) فھل فیھامن اورق ۔۔۔۔۔ "اورق "کا ترجمہ لکھیں (صفحہ ۵۴۳)

۱۔ چتکبرا　　۲۔ سفید　　۳۔ کالا　　۴۔ خاکی رنگ کا

(۷۵) احتجب اللہ عزوجل منہ وفضحہ علی رءوس الاولین والآخرین یوم القیامہ ۔۔۔۔ "فضح" کا معنی بتائیں؟ (صفحہ ۵۴۳)

۱۔ رسوا کرنا　　۲۔ سزا دینا　　۳۔ پکڑ کرنا　　۴۔ کوئی نہیں

(۷۶) احتجب اللہ عزوجل منہ وفضحہ علی رءوس الاولین والآخرین یوم القیامہ ۔۔۔ یہ وعید کس کے لئے بیان کی گئی؟ (صفحہ ۵۴۳)

۱۔ زنا کرنے والے کے لئے　　۲۔ تہمت لگانے والے کیلئے　　۳۔ بچہ کا انکار کرنے والے کیلئے　　۴۔ کوئی نہیں

(۷۷) الولد للفراش وللعاھر ۔۔۔۔۔۔۔ مکمل کریں؟ (صفحہ ۵۴۳)

۱۔ الحجر　　۲۔ العذاب　　۳۔ جہنم　　۴۔ ان میں کوئی نہیں

(۷۸) عاہر کا معنی بتائیں (صفحہ ۵۴۳)

۱۔ تہمت لگانے والا　　۲۔ زنا کرنے والا　　۳۔ انکار کرنے والا　　۴۔ کوئی نہیں

(۷۹) حضرت علی کے پاس تین شخص لائے گئے جنھوں نے ایک عورت سے زنا کیا تھا ۔۔۔ اس وقت حضرت علی کہاں تھے؟ (صفحہ ۵۴۴)

۱۔ مکہ　　۲۔ مدینہ　　۳۔ شام　　۴۔ یمن



Scanned with CamScanner

(۸۰) حضرت علی نے ان کے درمیان کس طرح فیصلہ کیا؟ (صفحہ ۵۴۴)

۱۔ سوال جواب سے ۲۔ قرعہ ڈال کر ۳۔ لوگوں سے پوچھ کر ۴۔ کسی اور طریقے سے

(۸۱) حضور ﷺ حضرت علی کے فیصلہ پر۔۔۔؟ (صفحہ ۵۴۴)

۱۔ مسکرائے ۲۔ ناراض ہوئے ۳۔ سکوت فرمایا ۴۔ کوئی نہیں

(۸۲) حضرت علی نے جس شخص کو بچہ سپرد کیا اس پر کتنی دیت لازم کی؟ (صفحہ ۵۴۴)

۱۔ ثلث ۲۔ نصف ۳۔ دو ثلث ۴۔ مکمل

(۸۳) متشاکسون کا معنی بتائیں۔۔۔؟(صفحہ ۵۴۵)

۱۔ محبت کرنے والے ۲۔ عاجزی کرنے والے ۳۔ جھگڑنے والے ۴۔ کوئی نہیں

(۸۴) قیافہ شناس مجزز نے حضرت زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید کے قدم دیکھ کر کیا کہا؟۔۔(صفحہ ۵۴۵)

۱۔ یہ قدم ایک دوسرے سے ملتے ہیں ۲۔ الگ الگ ہیں ۳۔ بالکل مختلف ہیں ۴۔ کوئی نہیں

(۸۵) قیافہ شناس مجزز نے جب ان کے درمیان فیصلہ کیا تو حضور ﷺ نے کس زوجہ کے پاس تشریف لائے تھے؟ (صفحہ ۵۴۵)

۱۔ حضرت حفصہ ۲۔ حضرت سودہ ۳۔ حضرت عائشہ ۴۔ کوئی نہیں

(۸۶) حدثنی عبادۃ بن الولید بن عبادۃ بن الصامت۔۔۔۔۔ دوسرے "بن" پر اعراب لگائیں۔۔؟ (صفحہ ۵۴۵)

۱۔ رفع ۲۔ نصب ۳۔ جر ۴۔ کوئی نہیں

(۸۷) فاول ما نسخ من القرآن۔۔۔۔۔۔۔ مکمل کریں؟ (صفحہ ۵۴۶)

۱۔ القبلۃ ۲۔ العدۃ ۳۔ الحد ۴۔ کوئی نہیں

(۸۸) جس کا شوہر مر جائے اس کی عدت کتنی ہے؟ (صفحہ ۵۴۶)

۱۔ چار ماہ دس دن ۲۔ چار ماہ بیس دن ۳۔ چار ماہ تیس دن ۴۔ چار ماہ چالیس دن

(۸۹) میت پر سوگ کتنے دن کا ہے؟ (صفحہ ۵۴۶)

۱۔ ایک دن ۲۔ دو دن ۳۔ تین دن ۴۔ چار دن

(۹۰) زمانہ جاہلیت میں عورت کتنی عدت گزارتی تھی؟ (صفحہ ۵۴۶)

۱۔ چار ماہ دس دن ۲۔ پانچ ماہ ۳۔ ایک سال ۴۔ دو سال

(۹۱) حاملہ عورت کی عدت کتنی ہے؟ (صفحہ ۵۴۷)

۱۔ چار ماہ دس دن ۲۔ تین حیض ۳۔ وضع حمل ۴۔ کوئی نہیں

(۹۲) کن صحابہ کے درمیان حاملہ عورت کی عدت کے متعلق اختلاف ہوا؟(صفحہ ۵۴۷)



Scanned with CamScanner

۱۔ حضرت ابوہریرہ اور ابن عباس ۲۔ ابوہریرہ اور ابن مسعود ۳۔ ابن مسعود اور ابن عباس ۴۔ کوئی نہیں

(۹۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا موقف کیا تھا؟ (صفحہ ۵۴۷)

۱۔ وضع حمل ۲۔ ابعد اجلین ۳۔ چار ماہ دس دن ۴۔ تین حیض

(۹۴) دونوں حضرات نے مقدمہ کس کے پاس بھیجا۔۔؟ (صفحہ ۵۴۷)

۱۔ حضرت عائشہ ۲۔ حضرت حفصہ ۳۔ ام سلمہ ۴۔ کوئی نہیں

(۹۵) ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فیصلہ کرتے ہوئے کس عورت کا واقعہ سنایا؟ (صفحہ ۵۴۷)

۱۔ سبیعہ ۲۔ سلمہ ۳۔ فاطمہ ۴۔ حبیبہ

(۹۶) سبیعہ اسلمیہ کے شوہر کا نام کیا تھا؟ (صفحہ ۵۴۸)

۱۔ سعد بن خولہ ۲۔ حماد بن خولہ ۳۔ عبید بن خولہ ۴۔ کوئی نہیں

(۹۷) سبیعہ اسلمیہ کے شوہر کا انتقال کب ہوا؟ (صفحہ ۵۴۸)

۱۔ غزوہ بدر میں ۲۔ غزوہ احد میں ۳۔ حجۃ الوداع میں ۴۔ فتح مکہ کے دن

(۹۸) عن عبداللہ "ان سورۃ النساء القصری نزلت بعد۔۔۔۔۔۔۔" مکمل کریں؟ (صفحہ ۵۴۹)

۱۔ سورۃ البقرۃ ۲۔ سورۃ آل عمران ۳۔ سورۃ مریم ۴۔ سورۃ رحمٰن

(۹۹) شوہر اگر قبل دخول انتقال کر جائے اور مہر بھی مقرر نہ کیا ہو تو مہر کتنا ملے گا؟ (صفحہ ۵۵۰)

۱۔ کوئی مہر نہیں ملے گا ۲۔ مہر مثل ۳۔ جتنا بیوی چاہے ۴۔ جتنا شوہر کا مال ہے

(۱۰۰) لہا مثل صداق نسائہا لاوکس ولا شطط۔۔۔۔ یہ جواب کس صحابی رسول نے دیا؟؟ (صفحہ ۵۵۰)

۱۔ ابن مسعود ۲۔ ابن عمر ۳۔ ابن زبیر ۴۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہم

Scanned with CamScanner